**20.09.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................ شبانہ رحمٰن

**Music**

☆ وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ وِشوکرما یوجنا کا، بے شمار کاریگروں پر مثبت اثر ہوا ہے۔ اُن کے ہُنر کو تحفظ ملا ہے اور اقتصادی ترقی کو فروغ حاصل ہوا ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کسانوں کی آمدنی میں اضافے کیلئے زراعت پر مبنی صنعتوں کو فروغ دینے پر زور دیا ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت نکسلی سرگرمیوں کو مارچ 2026 سے پہلے پہلے ملک سے ختم کردے گی۔ انھوں نے نکسلیوں سے کہا ہے کہ وہ ہتھیار ڈال دیں اور خود سپردگی کردیں۔

☆ خوراک کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے تروپتی مندر کے لڈوؤں میں استعمال شدہ گھی میں جانوروں کی چربی پائے جانے کی تحقیقات کیلئے کہا ہے۔

☆ میانما میں سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد تقریباً 300 ہوگئی ہے۔ 89 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔

☆ اور چنئی ٹسٹ میں بھارتی گیند بازوں نے بنگلہ دیش کے خلاف آج دوسرے دِن اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Maharashtra**

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ وشواکرما یوجنا کا ایک سال مکمل ہونے کی تقریب، ترقی یافتہ بھارت کے ہمارے عزائم کو نئی توانائی دے گی۔ اس پہل سے بے شمار دستکاروں پر اُن کے ہنر کو محفوظ رکھنے اور اقتصادی ترقی کو پروان چڑھانے کے مثبت اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ پروگرام کے دوران وزیراعظم نے پی ایم وشواکرما کے مستفیدین کو سرٹیفکیٹس اور قرض کی رقم جاری کی۔ اِس اسکیم کے تحت دستکاروں کو مدد فراہم کرتے ہوئے انہوں نے 18 کاروباروں کے تحت 18 مستفیدین کو پی ایم وشواکرما کے تحت رقم بھی تقسیم کی۔ جناب مودی نے پی ایم وشواکرما کے تحت ایک سال کا عرصہ پورا ہونے پر ایک یادگاری

ٹکٹ بھی جاری کیا۔ جناب مودی نے Wardha میں مہاراشٹر سرکاری کی اچاریہ چانکیہ اسکل ڈیولپمنٹ سینٹر اسکیم کا بھی آغاز کیا۔ انہوں نے امراوتی میں پی ایم مِتر پارک پروجیکٹ اور خواتین Punyashlok اہلیادیوی ہولکر اسٹارٹ اپ اسکیم کا بھی آغاز کیا۔

**PM US Curtain Raiser**

وزیراعظم نریندرمودی کل امریکہ کے تین روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔ اپنے دورے پر وہ Delaware کے شہر وِلمنگٹن میں، کوارڈ رہنماؤں کی چوتھی سالانہ سربراہ میٹنگ میں حصہ لیں گے۔ اِس سربراہ میٹنگ کی میزبانی امریکہ کے صدر جوبائیڈن کررہے ہیں۔ 2025 میں اگلی کوارڈ سربراہ کانفرنس کی میزبانی، بھارت کرے گا۔

جناب مودی، نیویارک میں 22 ستمبر کو بھارتی برادری کے ایک اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔ 23 ستمبر کو وزیراعظم، نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ''مستقبل کی سربراہ کانفرنس'' سے خطاب کریں گے۔ اِس کانفرنس کا موضوع ہے ''ایک بہتر کل کیلئے کثیر ملکی طریقۂ کار''۔

امید ہے کہ اِس کانفرنس میں بہت سے عالمی رہنما شرکت کریں گے۔ سربراہ کانفرنس سے الگ وزیراعظم بہت سے عالمی رہنماؤں کے ساتھ دو طرفہ ملاقاتیں کریں گے اور باہمی مفاد کے معاملات پر بات چیت کریں گے۔

وزیراعظم اپنے دورے میں AI سے وابستہ جدید ترین شعبوں ، کوانٹم کمپیوٹنگ، سیمی کنڈکٹرس اور بایوٹیکنالوجی میں، دونوں ملکوں کے درمیان مزید اشتراک کو فروغ دینے کے مقصد سے، امریکہ میں قائم سرکردہ کمپنیوں کے CEO's سے بھی بات چیت کریں گے۔

**Day President Ranchi**

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے رانچی کے شہر Namkum میں آج ICAR، سیکنڈری زراعت کے قومی ادارے NISA کی صد سالہ تقریبات میں شرکت کی اور خطاب کیا۔ اِس موقع پر صدر مرمو نے کہا کہ ICAR ۔ NISA نے ملک میں زبردست پیداوار کے حصول میں بے مثال تعاون دیا ہے۔ اِدارے نے نہ صرف زراعت سے متعلق تحقیق و ترقی کا کام انجام دیا ہے، بلکہ اُس نے اِس بات کو بھی یقینی بنایا ہے کہ یہ تحقیق سماج کی نچلی سطح تک پہنچ گئی ہے۔

**Shah Naxal Victims Meet**

وزیر داخلہ امت شاہ نے زور دے کر کہا ہے کہ حکومت نے، نکسلی سرگرمیوں اور نظریات کو مارچ 2026 سے پہلے پہلے جڑ سے ختم کرنے کا فیصلہ کررکھا ہے۔ جناب شاہ نے یہ بات آج نئی دلّی میں اپنی رہائشگاہ پر، چھتیس گڑھ سے نکسلی تشدد کے تقریباً 55 متاثرین کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے کہا کہ مرکز، بستر کے چار ضلعوں کو چھوڑ کر، پورے ملک سے، نکسلی سرگرمیوں کا خاتمہ کرنے میں، کامیاب رہا ہے۔ جناب شاہ نے، نکسلیوں سے اپیل کی کہ وہ تشدد ترک کردیں اور

ہتھیار ڈالتے ہوئے خود سپردگی کردیں۔ انھوں نے کہا کہ اگر نکسلی لوگ، تشدد ترک کرنے کی، اُن کی اپیل نہیں سنتے تو حکومت جلد ہی اُن کے خلاف بھرپور ٹھوس کارروائی کرے گی۔

**WB Doctors Protest**

مغربی بنگال میں ایجی ٹیشن چلانے والے جونیئر ڈاکٹروں نے سرکار کے زیرانتظام اسپتالوں میں کل سے اپنی ہڑتال جزوی طور پر ختم کرنے اور ایمرجنسی اور ضروری خدمات میں کام پر واپس آنے کا اعلان کیاہے۔ ریاستی سرکار کی جانب سے اُن کے بیشتر مطالبات تسلیم کئے جانے کے تناظر میں ایسا ہوا ہے۔

یہ ڈاکٹر 9 اگست کو RG Kar میڈیکل کالج اسپتال میں ایک خاتون ڈاکٹر کی آبرو ریزی اور قتل کے تناظر میں پچھلے 41 دن سے کام روکو ایجی ٹیشن پر تھے۔ اِن ڈاکٹروں نے اپنی جنرل باڈی کی میٹنگ کے بعد کہا کہ مغربی بنگال میں سیلاب کی صورتحال کے مدنظر اور ریاستی سرکار کی جانب سے اُن کی بعض مانگوں پر رضامند ہونے کے بعد جونیئر ڈاکٹر کل سے جزوی طور پر ایمرجنسی اور لازمی خدمات کے شعبوں میں کام کرنے لگیں گے۔

ادھر مغربی بنگال سرکار نے کولکاتہ پولیس کے سربراہ ونیت گوئل کا تبادلہ کردیاہے اور اُن کی جگہ منوج کمار ورما کو مقرر کیاہے۔ اس کے علاوہ محکمۂ صحت کے دو اعلیٰ عہدیداروں کو بھی ہٹادیا گیاہے۔

**Joshi Tirupati Laddu**

خوراک کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کہا ہے کہ تروپتی مندر کے لڈّوؤں میں، جانوروں کی چربی کی موجودگی، جس کے بارے میں آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ نے آواز اٹھائی ہے، ایک سنجیدہ معاملہ ہے۔ نئی دلّی میں آج ایک تقریب سے الگ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب جوشی نے کہا کہ اِس معاملے کی تفصیل سے تحقیقات ہونی چاہئے اور قصور واروں کو سزا ملنی چاہئے۔

مویشیوں اور خوراک کے شعبے میں تجزیئے اور تدریس کے مرکز نے، جو ڈیری کے فروغ کے قومی بورڈ کی ایک لیباریٹری ہے، تروپتی میں، سری وینکٹیشور سوامی مندر میں پرساد کے طور پر تقسیم کیے گئے لڈوؤں میں استعمال شدہ گھی میں جانوروں کی چربی موجود ہونے کی تصدیق کی ہے۔

**NPA MoS Home**

داخلی امور کے مرکزی وزیرمملکت نتیانند رائے نے آج 76 ویں RR بیچ کے تربیت یافتہ IPS افسروں سے کہا ہے کہ وہ نئے فوجداری قوانین کو سمجھیں اور مجرموں کو سزا دینے کے بجائے جرم کو روکنے کیلئے کام کریں۔ اس بات کا مشاہدہ کرتے ہوئے کہ سائبر جرائم ایک بڑے چیلنج کے طور پر سامنے آیا ہے، وزیرموصوف نے تربیت یافتہ IPS افسروں سے کہا کہ وہ تکنیکی ماہرین کے ساتھ مل کر اس چیلنج سے نمٹنے کی کوشش میں قائدانہ رول ادا کریں۔ حیدرآباد کے نزدیک سردار ولبھ بھائی پٹیل قومی پولیس

اکادمی میں پاسنگ آؤٹ پریڈ کا جائزہ لینے کے بعد اُن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پولیس نظام کو مستحکم کرنے کیلئے داخلی امور کی مرکزی وزارت نے سائبر فورینسک لیب، پولیس ٹکنالوجی مشن اور دیگر پہل قدمیاں کی ہیں۔

## NADDA Joshi Food Summit

وزیر صحت جگت پرکاش نڈّا نے خوراک کی حفاظت کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے جاری اشتراک، لگاتار اختراع اور مضبوط عزائم کیلئے کہا ہے۔ نئی دلّی میں آج خوراک سے متعلق ضابطہ جاتی اداروں کی عالمی سربراہ کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے جناب نڈّا نے زور دے کر کہا کہ کس طرح تیزی سے ہوتی ہوئی عالم کاری، ٹیکنالوجی کی جدت اور صارفین کی ترجیحات میں اضافے سے خوراک کے نظام کی تشکیل نو ہورہی ہے۔ انھوں نے خوراک کے ایسے معیارات مقرر کرنے میں صحت کی وزارت اور FSSAI کے اہم رول پر زور دیا، جو خوراک کی پیداوار میں اضافے، کھپت کے رجحانات اور عالمی تجارت کے مطابق ہوں۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت نے خوراک کی حفاظت سمیت مختلف شعبوں میں تحقیقی سرگرمیوں میں اضافہ کرنے کے مقصد سے قومی تحقیقاتی فاؤنڈیشن قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

یہ فاؤنڈیشن 2024سے 2028 کے درمیان قائم کی جائے گی اور اِس پر تقریباً پانچ ارب 96 کروڑ ڈالر کا خرچ آئے گا۔

## Goyal Laos Visit

تجارت و صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل آج لاؤس کے دو دِن کے دورے پر جائیں گے۔ وہ آسیان-بھارت وزرائے اقتصادیات کی 21 ویں میٹنگ اور مشرقی ایشیاء کی سربراہ کانفرنس سے وابستہ اقتصادیات کے وزیروں کی بارہویں میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ وزیر موصوف اپنے دورے میں ادارہ جاتی دو میٹنگ سے الگ، شرکت کرنے والے ملکوں کی اپنی ہم منصب شخصیتوں کے ساتھ بہت سی دو طرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے۔ وہ میزبان ملک کے وزیر Lao PDR اور کوریا، ملیشیاء، سوئٹزرلینڈ اور میانماں کے وزیروں کے ساتھ ملاقات کریں گے۔ جناب گوئل آسیان کے سکریٹری جنرل اور ERIA کے صدر سے بھی ملاقات کریں گے، جو ایشیاء اور بحرالکاہل کا ایک اعلیٰ تحقیقی ادارہ ہے۔ وہ Lao PDR بھارتی برادری کے لوگوں سے بات چیت کریں گے اور بھارت نیز آسیان کے ایک صنعتی وفد سے بھی ملاقات کریں گے، جو دورے پر آیا ہوا ہے۔

## Bihar Flood Survey

بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار نے دریائے گنگا کی پانی کی سطح میں اچانک اضافہ ہونے کے سبب سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا آج ایک فضائی معائنہ کیا۔ صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد جناب کمار نے حکام سے کہا کہ وہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی اور بچاؤ کارروائیوں کو یقینی بنائیں۔ دریائے گنگا اور دیگر دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہونے کے سبب سیلاب کی وجہ سے 10 سے زیادہ اضلاع متاثر ہیں۔ پٹنہ، بکسر، بیگوسرائے، سارن، سیوان، ویشالی، سمستی پور، کھگڑیا، مونگیر، بھاگلپور، نالندہ اور گیا اضلاع کے نچلے علاقے سیلاب سے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ دریا والے علاقوں میں کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔

بہت سے گھر پانی میں بہہ گئے ہیں اور ان خطوں میں موجودہ سیلاب کی صورتحال کے پیش نظر 200 سے زیادہ سرکاری اسکول بند کردیئے گئے ہیں۔ اِن علاقوں میں سیلاب کے سبب بڑی تعداد میں لوگ بے گھر ہوگئے ہیں۔

## IMD-Weather

بھارت کے موسمیات محکمے IMD نے آج انڈمان ونکوبار جزائر میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق اس ماہ کی 22 سے 25 تاریخ تک مشرقی مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ، اروناچل پردیش، آسام اور میگھالیہ میں کہیں کہیں شدید بارش کا امکان ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ کونکن، گوا، مراٹھواڑہ، رائل سیما، ساحلی اور شمالی اندرونِ کرناٹک میں اس ہفتے کے دوران دور دور تک ہلکی سے اوسط بارش ہوسکتی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں گرمی اور حبس کی پیشگوئی کی ہے۔

## Mayanmar Flood

میانما میں سیلاب سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 300 ہوگئی ہے۔ نواسی افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ خطوں اور ملک بھر کی ریاستوں میں درجنوں شہر سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں جن میں Nay Pyi Taw شامل ہے۔ سرکاری میڈیا نے خبردی ہے کہ ایک لاکھ 61 ہزار سے زیادہ سیلاب متاثرین نے 425 امدادی مراکز میں پناہ لے رکھی ہے۔ یاگی طوفان کے زیر اثر شدید بارش اور خلیج بنگال میں ہوا کے گہرے دباؤ کا حلقہ بننے کے سبب ایشیائی ملک میں بڑے پیمانے پر سیلاب آیا ہے۔ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کو صاف کرنے کے لیے مقامی حکام، بچاؤ تنظیمیں اور وہاں کے مکین مل کر کام کررہے ہیں۔ سیلاب سے متاثرہ افراد کو طبی نگہداشت فراہم کی جارہی ہے اور کھانا اور دیگر ضروری اشیاء تقسیم کی جارہی ہیں۔

## Cricket

کرکٹ میں بھارتی ٹیم آج چنئی میں، MA چدمبرم اسٹیڈیم میں اپنے پہلے میچ کے دوسرے دن، بھارت کیخلاف اپنی پہلی اننگز میں 376 رَن پر سمٹ گئی۔ اِس سے پہلے میزبان ٹیم نے اپنے کُل کے اِسکور چھ وکٹ پر 339 رَن سے آگے کھیلنا شروع کیا۔ کھیل شروع کرتے ہوئے اَشون اور جڈیجہ کریز پر تھے۔ حسن محمود نے بنگلہ دیش کی طرف سے پانچ وکٹ لیے تھے۔ اب سے کچھ دیر پہلے آخری خبریں ملنے تک بنگلہ دیش اپنی پہلی اننگز کھیلتے ہوئے 32 اوورز میں 7 وکٹ پر 96 رَن بنا چکا تھا۔

## Badminton

بیڈمنٹن میں، بھارتی سرکردہ کھلاڑی Malvika Bansod کا شاندار سفر Changzhou میں جاری چائنا اوپن میں اختتام پذیر ہوگیا۔ Bansod خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں، جاپان کی دوبار کی عالمی چمپئن Akane Yamaguchi سے 10-21، 16-21 سے ہارگئیں۔ Bansod اس ٹورنامنٹ میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی ایک اہم بھارتی کھلاڑی

تھیں۔ ناگپور کی کھلاڑی نے کل پری کوارٹرفائنل میں ایک شاندار پرفارمنس دیتے ہوئے اسکاٹ لینڈ کی **Kirsty Gilmour** کو ایک سنسنی خیز مقابلے میں تین بار ہرایا تھا۔

☆☆☆